هَلۡ یَسۡتَوِی الَّذِیۡنَ یَعۡلَمُوۡنَ وَالَّذِیۡنَ لَا یَعۡلَمُوۡنَ (سورہ زمر ۹)

کیا وہ لوگ جو جانتے ہیں ان کے برابر ہو جائیں گے جو نہیں جانتے ہیں۔



جملہ حقوق بحق منتظرین امام محفوظ ہیں اور اس بات کی اجازت ہے کہ اس کتاب کے کسی حصے کو یا مکمل طور پر بلا اجازت ہمارے نام (ناشر) کا حوالہ دے کر چھاپہ جا سکتا ہے۔


| | |
|---|---|
| نام کتاب: | آیۃ ولایۃ |
| تالیف: | آیت اللہ ناصر مکارم شیرازی |
| ترتیب سوالات: | مولانا سجاد مہدی |
| ترتیب وتزئین: | برادر سید محمد کاظم زیدی |
| ناشر: | المہدی ایجوکیشنل سوسائٹی |
| طبع اول: | ۱۵، رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ، جون 2015 |
| تعداد: | ۱۰۰۰ |
| رجسٹریشن فیس: | ۳۰ روپے |



## رابطہ:

www.almehdies.com | almehdies@gmail.com


بسم ا۔۔۔

# آیۃ ولایۃ

ایک اور موقع ہر عاشق کے لئے۔۔۔۔

- ✓ مطالب قرآن پر غور و فکر کرنے کا....
- ✓ اپنے عقیدے کے اظہار کا....
- ✓ الٰہی تفکرات کو عام کرنے کا....
- ✓ مقصد خلقت کو سمجھنے کا....

## التماس سورہ فاتحہ:

### حجۃ الاسلام مولانا جواد محسنی

### حجۃ الاسلام مولانا علی حسین

اور وہ تمام مومنین و مومنات جنھوں نے مکتب تشیعوں کے لئے اپنی خدمات انجام دی ہیں
اور بالخصوص اس کوئز میں شرکت کرنے والے تمام مومنین کے کل مرحومین

---

المہدی ایجوکیشنل سوسائٹی (جعفر طیار)

کی جانب سے آپ کے خانوادہ، طلاب، اور علمائے کرام کو ہدیہ تعزیت پیش کرتے ہیں۔

آپ تمام مومنین سے گذارش ہے کہ مطالعہ کے دوران تمام سوالات کو ضرور یاد کریں تا کہ یہ وقت ضرورت کام آسکیں۔

# مقدمہ

قرآن کی نظر میں غلطیوں کے اسباب میں سے ایک سبب یہ ہے کہ انسان گمان کو یقین کا درجہ دے بیٹھتا ہے۔ اگر کوئی یہ طے کرلے کہ میں مسائل میں صرف یقین پر عمل کروں گا تو کبھی غلطی میں نہیں پڑے گا۔

وَإِن تُطِعۡ أَكۡثَرَ مَن فِي ٱلۡأَرۡضِ يُضِلُّوكَ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِۚ إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا ٱلظَّنَّ وَإِنۡ هُمۡ إِلَّا يَخۡرُصُونَ ﴿سورۃ الأنعام - ۱۱۶﴾

"اور اگر آپ روئے زمین کی اکثریت کا اتباع کرلیں گے تو یہ راہِ خدا سے بہکا دیں گے۔ یہ صرف گمان کا اتباع کرتے ہیں اور صرف اندازوں سے کام لیتے ہیں۔"

اس کی مثال ایسے ہی ہے کہ ایک شخص کو دس فٹ دیوار کے پار جانا ہو اور وہ دس فٹ کی سیڑھی بھی لائے اور وہ بھی (دس)، اور اُن سب کو سیدھا رکھ دے ایک دوسرے کے اوپر، تب بھی وہ اُس دیوار کو کراس نہیں کرسکتا، ہاں مگر یہ کہ عقل کو استعمال کرے اور صرف ایک ہی سیڑھی کو سیدھا کھڑا کرے تو یقیناً کامیاب ہوگا۔

یعنی اُس نے گمان کیا کہ اتنی ساری سیڑھیاں رکھنے سے کامیاب ہوگا مگر ایسا نہیں ہوا بالآخر عقل کے ذریعے ہی کامیاب ہوا۔

قرآن کی شناخت ایک مسلمان مومن کے لئے اس لئے ضروری ہے کہ مسلمان کے دین و ایمان کی بنیاد، اصلی منبع اور مرکزی فکر کے اعتبار سے جو نہ صرف مومن کی زندگی کو "حرارت" یعنی حرمت اور اس کو روح بخشنے والا بلکہ انسان کی عقل میں اضافہ کرنے والا صرف قرآن ہے۔

قرآن کی معرفت کے بارے میں جس قدر جاننے کی ضرورت آج ہے شاید پچھلے دور میں نہ ہو، آج ہمارا معاشرہ جس ڈگر پر چل رہا ہے اس کی اصلاح کے لئے قرآن کی معرفت کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں ہوسکتا۔

خواوند متعال ایک اور جگہ ارشاد فرماتا ہے:

وَٱلَّذِينَ جَٰهَدُواْ فِينَا لَنَهۡدِيَنَّهُمۡ سُبُلَنَا ﴿سورۃ العنکبوت - ۶۹﴾

"جو لوگ ہماری راہ میں خلوص نیت سے کوشش کرینگے ہم اپنے راستہ کی طرف ان کی ہدایت کرینگے۔"



امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے:

مومن جب تعلقات دنیا کی گرفتاری سے آزاد ہوتا ہے تو اپنے دل میں دوستیٔ خدا کی مٹھاس و شیرینی کو محسوس کرتا ہے اور اُس وقت اُس کو زمین تنگ معلوم ہونے لگتی ہے اور وہ چاہتا ہے کہ اپنے پورے وجود کے ساتھ اِس عالم مادہ سے چھٹکارہ حاصل کرلے۔ یہ وہ حقیقت ہے کہ اولیاء خدا اور مردانِ خدا نے اپنی زندگی میں اس کو صحیح پایا ہے۔

علی کا شیعہ ہونے کے ناطے جن عقائد و افکار کا جاننا ضروری ہے اور جن اصول تربیت و اخلاق اور اجتماعی و خانوادگی نظام کی ضرورت ہوتی ہے وہ سب قرآن نے اپنے دامن میں محفوظ رکھا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کسی بھی منبع سے استفادہ شناختِ قرآن سے قبل غیر ممکن ہے۔ قرآن تمام دیگر منابع کا معیار و پیمانہ ہے۔ حدیث و سنت کو بھی قرآنی معیار پر پرکھنا ضروری ہے کیونکہ قرآن کے مطابق ہی جو حدیثیں یا سنن ہیں ہم صرف انہی کو قبول کریں گے۔

بالخصوص طالب علموں کے لئے یا وہ جو خدا کے طالب ہیں کہ جس طرح سے ایک کلی کسی گلشن میں کھلتی ہے اگر چاہئے کہ پورے گلشن کو مہکا دیں تو قرآن کا مطالعہ ضروری ہے کیونکہ مادی طور پر قرآن نہ صرف آنکھوں کے لئے شفاء ہے بلکہ انسان کی عقل کی تقویت کا باعث بھی ہے۔

اُمید ہے کہ اس سوالنامے کو پڑھنے والے الٰہی معارف" کے تشنہ لب جوانوں کی پیاس بجھانے اور نہیں معارف کے اس عظیم ذخیرے سے آشنا کرنے کے لئے یہ مختصر کاوش مفید ثابت ہوگی۔

المہدی ایجوکیشنل سوسائٹی

★★★★★

# مختصر تعارف

المہدی ایجوکیشنل سوسائٹی کی جانب سے ہفتہ وار تربیتی وفکری دروس کا باقاعدہ آغاز 2004 میں کیا گیا جو بحمد اللہ ابھی تک جاری وساری ہے، 2012 تک یہ پروگرام بعد نماز مغربین (قبل از زیارت) منعقد کئے جاتے تھے مگر اَب بعد نماز ظہرین (قبل از زیارت) منعقد کئے جاتے ہیں جس میں بالخصوص نوجوانوں کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے علمائے کرام، دانشور حضرات اور بالخصوص انسانی صحت کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لئے ڈاکٹرز اور اسپیشلسٹ حضرات کو مدعو کیا جاتا ہے اس کے علاوہ میڈیا کی بڑھتی ہوئی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے آؤٹ ڈور لیکچرز بھی منعقد کئے جاتے ہیں۔

المہدی ایجوکیشنل سوسائٹی کے سینئر برادران کی جانب سے ملت تشیعوں کی فکری سطح کو بلند کرنے کے لئے، کہ ایک انسان معاشرے میں اپنے پورے کامل وجود کے ساتھ داخل ہو، ادارے کے زیر اہتمام تعلیم، تربیت، تبلیغ کے شعبہ میں مشاورت اور سوالات وجوابات طلباء کے ذوق وجستجو کی تکمیل کی خاطر بزم انس کی محفلیں جگہ جگہ سجائی جاتی ہیں تاکہ زمین اجابت پر سوالات کے اَبر ورحمت آکر برسیں اور علم کی کونپلیں شہر کراچی اور اُس کے اطراف میں نشونما پائیں۔ اگر ہم صاحبان غور وفکر جوانوں اور حقیقت کے متلاشی اِن طلباء کے اذہان وقلوب کو مطمئن کر سکیں تو ہم سمجھیں گے کہ علم ودانش کی ترقی وپیشرفت میں ہم نے ایک اہم ذمہ داری اپنے امامؑ کی راہ میں پوری کردی ہے اور یہ بات ہمارے لئے باعث مسرت وشادمانی ہوگی۔

جیسے جیسے زمانہ ترقی کرتا جارہا ہے ویسے ویسے دشمن انسانیت اور دشمن اسلام کے ہتھیار بھی بدلتے بدلتے جارہے ہیں آج ترقی کے نام پر میڈیا نے فحاشی، عریانی، اور گمراہی کا جو بازار گرم کر رکھا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔

آج سے پہلے ایک نوجوان کا دین وایمان اور غیرت چھیننے کا عمل اُس کے گھر سے باہر بیہودگی کی محفل میں انجام پاتا تھا لیکن آج بے حیائی اور بیہودگی کا عفریت کیبل کی شکل میں ہر گھر میں اپنی جڑیں پھیلا چکا ہے۔ کیا اب بھی اس بات کی ضرورت کا احساس نہیں ہوتا کہ مسجدوں سے اس بے حیائی کے عفریت کے خلاف معاشرے کی اصلاح کہ کام کا آغاز کیا جائے؟ دروس کی محفلوں کو سجا کر اِن مسائل پر گفتگو کی جائے؟ اور معاشرے کے بگڑے ہوئے توازن کو تا سرحد امکان درست کرنے کی کوشش کی



جائے تاکہ کل بروز محشر اپنی ذمہ داری کا جواب دیں سکیں اور اپنی ذمہ داریوں پر عمل کر کے شفاعت محمد و آل محمد کی اُمید لگا سکیں۔

ادارے سے مربوط علماء ومحققین کی طرف سے عقائد، اخلاق، احکام کے علاوہ اِس پر آشوب دور میں میڈیا کی بڑھتی ہوئی خرافات کو مدنظر رکھتے ہوئے پروڈکشن ہاؤس کے قیام کا مقصد مکتب محمد وآلِ محمد کا فروغ ہے۔

جس میں اب تک:

درسھائی زندگی (شادی سے پہلے تحفہ دینے کے لئے بہترین سیریز: استاد دھنوی)، آیت اللہ بہجت، آیت اللہ امامی کاشانی اور امام خمینی جیسے معروف اساتذہ کے لیکچرز اردو ترجمہ کے ساتھ نشر کئے جاچکے ہیں اور باقی پر کام جاری ہے۔

خداوند متعال کی خاص عنایات اور ائمہ معصومین کے لطف وکرم سے ہماری یہ کوشش ہے کہ مختلف اوقات میں اِس سلسلے کو آپ حضرات کی خدمت میں پیش کرتے رہیں، لہذا قارئین کی جانب سے تعمیری تنقید اور مثبت تجاویز کے منتظر ہیں کہ اِس مفید اور قیمتی سلسلے کو مزید موثر بنانے کے لئے ہمارے ساتھ تعاون کریں جو کہ یقینا امام کی راہ ہموار کرنے میں معاون ومددگار ثابت ہونگے۔ انشاءاللہ

*ہم دعوت دیتے ہیں:*

- نوجوانوں کو کہ آئیں اور ہمارے ساتھ کام کریں۔۔
- بزرگوں کو کہ آئیں اور ہماری رہنمائی کریں۔۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے ولایتِ اہلبیت اور امیر المومنین علیہم السلام کے حوالے سے متعدد آیات نازل فرمائی ہیں۔ اس مرتبہ ہم نے اس کوئز کو قرآن مجید کی ان آیات سے مرتب کیا ہے جو اس حوالے سے نازل ہوئی ہیں۔ اگرچہ اس حوالے سے آیات بہت زیادہ ہیں، لیکن ہم نے ان میں سے چند ایک سے ہی سوالات مرتب کیے ہیں۔

ان آیات کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

I) وہ آیات جو مسلمانوں کے اوپر حکومت و ولایت پر دلالت کرتی ہیں۔

II) وہ آیات جو اہلبیتؑ کی فضیلت بیان کرتی ہیں۔

III) وہ آیات جو خاص امیر المومنین علیؑ کی شان میں نازل ہوئی ہیں۔

اس کوئز کے لیے مرحوم علامہ ذیشان حیدر جوادی صاحب کے مترجم قرآن کے ترجمے، حاشیے اور تفسیر سے استفادہ کیا گیا ہے، لہذا جوابات اسی میں سے دیے جائیں۔

## مسلمانوں پر حکومت و ولایت کی آیات

سوال نمبر ۱: آیۂ بلّغ کس سورہ کی کونسی آیت ہے؟

الف: توبہ ۳۹ — ب: نساء ۵۰

ج: مائدہ ۶۷ — د: آل عمران ۱۰۴

سوال نمبر ۲: آیت کے کس حصے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس پیغام کی اہمیت ۲۳ سال کی محنت کے برابر تھی؟

الف: وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ — ب: فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَہ

ج: وَاللّٰہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ — د: الف اور ب

سوال نمبر ۳: آیت بلّغ کے مطابق رسول اللہ کو کس بات کا خطرہ تھا؟

الف: بدنامی کا خطرہ کہ خاندان پرستی کا الزام لگ جائے گا۔

ب: الزام لگا کر لوگ دین سے منحرف ہو جائیں گے۔



ج: برسہا برس کی محنت خطرے میں پڑ جائے گی۔

د: الف، ب، ج

سوال نمبر ۴: ہمارا یہ ایمان کہ ''کتاب وعترت میں جدائی ممکن نہیں''، اس کا تعلق کس حدیث سے ہے؟

الف: حدیثِ غدیر — ب: حدیثِ ثقلین

ج: حدیثِ سفینۂ نوح — د: تینوں

سوال نمبر ۵: آیتِ اکمالِ دین درج ذیل میں سے کونسی آیت ہے؟

الف: مائدہ ۶۷ — ب: ابراہیم ۱۰

ج: آل عمران ۱۱۰ — د: مائدہ ۳

سوال نمبر ۶: درج ذیل میں سے کونسا جملہ غلط ہے؟

الف: آیت اکمالِ دین تشریع کے بعد تنفیذ کا عمل پورا ہونے کے بعد نازل ہوئی۔

ب: آیت اکمالِ دین حجۃ الوداع سے واپسی پر غدیر خم میں نازل ہوئی۔

ج: یہ آیت ۱۰ ہجری کو نازل ہوئی۔

د: شریعت کے احکام مکمل ہونے کے بعد یہ آیت نازل ہوئی۔

سوال نمبر ۷: واقعۂ غدیر کے راویوں کی تفصیل ہماری کس کتاب میں آئی ہے؟

الف: مناقب خوارزمی — ب: مستدرک حاکم

ج: الغدیر — د: اصولِ کافی

سوال نمبر ۸: آیتِ ولایت درج ذیل میں سے کونسی آیت ہے؟

الف: مائدہ ۶۷ — ب: مائدہ ۳

ج: مائدہ ۵۵ — د: رحمن ۲۴

سوال نمبر ۹: آیتِ ولایت کے مطابق مومنین کے بالترتیب ولی کون ہیں؟

الف: رسول اللہ، اللہ اور حالتِ رکوع میں زکوٰۃ دینے والا

ب: اللہ، حالتِ رکوع میں زکوۃ دینے والا، رسول اللہ

ج: اللہ، رسول اللہ، حالتِ رکوع میں زکوۃ دینے والا

د: حالتِ رکوع میں زکوۃ دینے والا، اللہ، رسول اللہ

سوال نمبر ۱۰: آیت کے ترجمے میں ولی کا ترجمہ کیا کیا گیا ہے؟

الف: سرپرست     ب: ولی

ج: سربراہ     د: کوئی بھی نہیں۔

سوال نمبر ۱۱: آیت اولی الامر درج ذیل میں سے کونسی آیت ہے؟

الف: فتح ۳     ب: مائدہ ۵۵

ج: محمد ۲۰     د: سورۂ نساء ۵۹

سوال نمبر ۱۲: آیت اولی الامر میں کتنے افراد کی اطاعت کا حکم دیا گیا ہے؟

الف: ایک     ب: دو

ج: تین     د: تمام حکمران

سوال نمبر ۱۳: آیت اولی الامر سے پہلے والی آیت میں کن چیزوں کا حکم دیا گیا ہے؟

الف: امانتوں کی ادائیگی     ب: لوگوں کے درمیان عدالت کے ساتھ حکم

ج: اللہ کی جانب سے بہترین وعظ     د: الف اور ب

سوال نمبر ۱۴: آیت اولی الامر کے مطابق آپس میں اختلاف ہوجائے تو کس سے رجوع کرنا ہوتا ہے؟

الف: اللہ، رسول اور صاحبانِ ایمان سے     ب: اللہ اور رسول سے

ج: اللہ سے     د: اللہ، رسول، صاحبانِ ایمان اور قاضیوں سے

سوال نمبر ۱۵: آیت اولی الامر میں لفظ اطیعوا کی تکرار کا کیا مطلب ہے؟

الف: رسول اللہ کی اطاعت ایک مستقل حیثیت رکھتی ہے۔

ب: رسول اللہ کا قول ایک مستقل مدرکِ شریعت ہے۔



ج: اطاعت خدا کے حکم میں خود رسولؐ بھی شامل ہیں۔

د: الف اور ب

سوال نمبر ۱۶: کونسا جملہ درست ہے؟

الف: امام رازی کے نزدیک اطاعت مطلقہ کے لیے عصمت ضروری ہے۔

ب: عصمت کی ضرورت کا تصور صرف مذہب تشیع میں ہی نہیں ہے۔

ج: عصمت سے مراد اجماع ہے۔

د: الف اور ب

سوال نمبر ۱۷: آیت الصادقین درج ذیل میں سے کونسی آیت ہے؟

الف: احزاب ۳۳     ب: حجرات ۲۱

ج: مومنون ۵     د: توبہ ۱۱۹

سوال نمبر ۱۸: من الصادقین کی جگہ مع الصادقین کیوں کہا؟

الف: کیونکہ سچے لوگوں کا گروہ بہت بڑا ہے۔

ب: کیونکہ سچے لوگ ہی جنت میں جائیں گے۔

ج: کیونکہ سچے لوگوں کا رتبہ بہت بلند ہے۔

د: کیونکہ سچے لوگوں کا ایک مخصوص گروہ ہے۔

سوال نمبر ۱۹: آیت الصادقین سے پہلے والی آیت کے بارے میں کونسا جملہ درست ہے؟

الف: جن تین افراد کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی، وہ اچھے لوگ تھے۔

ب: سستی کی وجہ سے جنگ میں نہیں گئے۔

ج: بعد میں توبہ واستغفار کی، جسے اللہ نے قبول کرلیا۔

د: الف، ب، ج

سوال نمبر ۲۰: سورۂ توبہ ۱۱۹ کا ترجمہ: اے-----! اللہ------

الف: انسانو!، سے ڈرو — ب: ایمان والو!، کی عبادت کرو۔

ج: ایمان والو!، سے ڈرو — د: کوئی بھی درست نہیں۔

زمانہ سچ اگر پہچان لے حیران ہو جائے
مناقب کی کتابوں پہ رقم قرآن ہوجائے
لکھی جائے اگر قرآن کے رازوں کی تفسیریں
تو یہ قرآن اہلبیتؑ کا دیوان ہوجائے

(سلمان اعظمی۔ ۱۴ شعبان ۱۴۳۶ھ)

## آیات فضائلِ اہلبیتؑ

سوال نمبر ۲۱: آیت تطہیر درج ذیل میں سے کونسی آیت ہے؟

الف: رعد ۲۸ — ب: ق ۲۵

ج: احزاب ۳۳ — د: نوح ۱۱

سوال نمبر ۲۲: آیت تطہیر کے آخری حصے میں ۔۔۔۔۔۔ سے اور پہلے حصے میں ۔۔۔۔ سے خطاب ہو رہا ہے۔

الف: ازواج نبی، اہلبیت اطہار — ب: اہلبیت اطہار، ازواجِ نبی

ج: عام عورتوں، اہلبیت اطہار سے — د: اہلبیت اطہار سے، عام عورتوں سے

سوال نمبر ۲۳: ازواجِ نبی کے احترام کی بنیاد کیا ہے؟

الف: تقویٰ — ب: اطاعتِ خدا

ج: اطاعتِ رسولؐ — د: الف، ب، ج



سوال نمبر ۲۴: صحیح مسلم کی روایت کے مطابق آیت تطہیر اصحابِ کساء کے لیے نازل ہوئی۔ یہ روایت کس سے نقل ہوئی ہے؟

الف: بی بی امِ سلمہ — ب: بی بی حفصہ

ج: بی بی عائشہ — د: بی بی ماریہ

سوال نمبر ۲۵: بی بی امِ سلمہ نے چادر کے اندر آنا چاہا تو رسولِ اکرمؐ نے روک دیا۔ یہ روایت اہلسنت کی کس تفسیر میں نقل ہوئی ہے؟

الف: تفسیر فخر رازی — ب: تفسیر طبری

ج: تفسیر نمونہ — د: تینوں

سوال نمبر ۲٦: آیت مودت درج ذیل میں سے کونسی آیت ہے؟

الف: شعراء ۲۳ — ب: واقعہ ۵

ج: حجرات ٦ — د: شوریٰ ۲۳

سوال نمبر ۲۷: آیتِ مودت میں حسنۃ سے کیا مراد ہے؟

الف: ہر نیکی

ب: نیکی کوئی بھی ہو، محبت اہلبیت کے بعد اس کے ثواب میں اضافہ ہوتا ہے۔

ج: نماز وزکوۃ — د: حسنِ اخلاق

سوال نمبر ۲۸: قربیٰ کا لفظ قرآن میں کتنی بار استعمال ہوا ہے؟

الف: ۱۵ — ب: ۱٦

ج: ۲۰ — د: ۲۲

سوال نمبر ۲۹: آیت میں قربیٰ سے مراد علیؑ، فاطمہؑ اور حسنینؑ ہیں۔ اس کے قائل کون حضرات ہیں؟

الف: صاحب کشاف، صاحبِ البحر المحیط — ب: صاحب روح البیان، صاحبِ تفسیر کبیر

ج: نظام الدین نیشاپوری — د: الف، ب، ج

سوال نمبر ۳۰: اگر سورۂ شوریٰ مکی ہو تو آیت قربیٰ کا تعلق حسنینؑ سے کیسے ہو سکتا ہے؟

الف: سورۂ شوریٰ کی یہ آیت مدنی ہے۔ ب: مفسرین نے اس بات کی تصریح کی ہے۔

ج: واضح روایات موجود ہیں۔ د: الف، ب، ج

سوال نمبر ۳۱: آیت مباہلہ درج ذیل میں سے کونسی آیت ہے؟

الف: یونس ۹۰ ب: انعام ۱۰۵

ج: اعراف ۶۵ د: سورۂ آل عمران ۶۱

سوال نمبر ۳۲: فخر رازی نے آیت مباہلہ سے کس بات کا استدلال کیا ہے؟

الف: یہ پانچ افراد مباہلے کے لیے آئے تھے۔ ب: رسول اللہ نے آیت تطہیر کی تلاوت بھی فرمائی۔

ج: حسنؑ و حسینؑ فرزندِ نبی ہیں۔ د: الف اور ب

سوال نمبر ۳۳: مباہلہ کے واقعے کے بارے میں کونسا جملہ غلط ہے؟

الف: مباہلہ کا واقعہ ۹ ہجری میں پیش آیا۔

ب: نصارائے نجران کا وفد ۱۶۰ افراد پر مشتمل تھا۔

ج: کرز نے اپنے بھائی کی حمایت کی۔

د: رسولِ خدا نے عیسائیوں کے مدعا کے خلاف حضرت آدمؑ کی مثال دی۔

سوال نمبر ۳۴: سورۂ دہر کی آیت ۔۔۔۔ میں طعام دینے، آیت ۔۔۔۔ میں نذر کی وفا اور آیت ۔۔۔۔ میں صرف خدا کے لیے کام انجام دینے کا ذکر آیا ہے؟

الف: ۷،۸،۹ ب: ۹،۸،۷

ج: ۸،۷،۹ د: ۷،۹،۸

سوال نمبر ۳۵: اہلبیتؑ نے طعام کس لیے دیا تھا؟

الف: جنت کے لیے ب: جزا کے لیے

ج: شکر کے لیے د: خدا کے لیے



سوال نمبر ۳۶: اہلبیتؑ کو کس بات کا خوف تھا؟

الف: قیامت کی سختیوں کا ب: اپنے گناہوں کی بخشش نہ ہونے کا

ج: جہنم کے عذاب کا د: الف اور ب

سوال نمبر ۳۷: ”پھر آدم نے پروردگار سے کلمات کی تعلیم حاصل کی اور ان کی برکت سے خدا نے ان کی توبہ قبول کر لی کہ وہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔“ یہ ترجمہ کس آیت کا ہے؟

الف: طٰہٰ ۱۱۵ ب: اعراف ۱۷

ج: بقرہ ۳۷ د: مائدہ ۳۰

سوال نمبر ۳۸: حضرت آدمؑ سے مربوط آیت میں کلمات سے مراد کیا ہے؟

الف: ائمہ طاہرین ب: انبیاء و مرسلین

ج: پنجتن پاک د: الف، ب، ج

بات یہ شامل ہے میرے دین اور ایمان میں
آیتیں اُتری ہیں ساری پنجتن کی شان میں
گر جُدا حیدرؑ کو یا زہراؑ کو آیت سے کیا
کچھ نہیں باقی رہے گا آپ کے قرآن میں

(سلمان اعظمی۔ ۱۴ شعبان ۱۴۳۶ھ)

## آیات فضیلت امیر المومنین علی بن ابیطالب علیہ السلام

سوال نمبر ۳۹: سورۂ بقرہ کی آیت ۲۰۷ کس بارے میں ہے؟

الف: جنگوں میں علیؑ کی شجاعت ب: علیؑ کے علم کی فضیلت

ج: علیؑ کا ساقئ کوثر ہونا د: علیؑ کا شبِ ہجرت قربانی دینا

سوال نمبر ۴۰: سورۂ بقرہ آیت ۲۰۴ اور ۲۰۷ کو باہمی طور پر دیکھا جائے تو کیا بات سامنے آتی ہے؟

الف: دو مختلف قسم کے کرداروں کا تذکرہ ہے۔

ب: ایک باتوں کا دھنی اور دوسرا عمل کا پیکر ہے۔

ج: ایک دنیا کے لیے اور دوسرا مرضیٔ رب کے لیے کام کرتا ہے۔

د: الف، ب، ج

سوال نمبر ۴۱: احیاء العلوم میں اس آیت کے حوالے سے کیا آیا ہے؟

الف: خدا نے علیؑ کی اس قربانی پر ملائکہ کے سامنے فخر ومباہات کیا۔

ب: ملائکہ کو ایسی قربانی دینے کی دعوت دی۔

ج: ملائکہ نے اپنی عاجزی کا اظہار کر دیا۔

د: الف، ب، ج

سوال نمبر ۴۲: سورۂ توبہ آیت ۱۹ میں کن کاموں پر علیؑ کی برتری ثابت کی گئی ہے؟

الف: حاجیوں کو سیراب کرنے پر　　ب: خانۂ کعبہ کی کلید برداری پر

ج: خدا کی راہ میں جہاد کرنے پر　　د: الف اور ب

سوال نمبر ۴۳: سورۂ توبہ آیت ۱۹ میں حضرت علیؑ کو کس وجہ سے حضرت عباس بن عبدالمطلب اور شیبہ پر فضیلت حاصل ہوئی؟

الف: علم حاصل کرنے اور داماد رسولؐ ہونے کی وجہ سے

ب: ایمان لانے اور جہاد کرنے کی وجہ سے

ج: ہجرت کرنے اور صبر واستقامت کی وجہ سے

د: الف، ب اور ج

سوال نمبر ۴۴: سورۂ رعد آیت ۴۳ میں من عندہ علم الکتاب اور سورۂ نمل آیت ۴۰ میں عندہ علم من الکتاب سے مراد کون ہیں؟　　الف: علی بن ابیطالب، آصف بن برخیا



ب: آصف بن برخیا، علی بن ابیطالبؑ　　ج: عبداللہ بن عباس، عبداللہ بن مسعود

د: ان میں سے کوئی نہیں۔

سوال نمبر ۴۵: سورۂ اعراف کی آیت ۴۴ اور سورۂ توبہ کی آیت ۳ دیکھ کر بتائیں کہ درج ذیل میں سے کونسا جملہ درست ہے؟

الف: پہلی آیت' آیت مؤذن ہے اور مؤذن سے مراد علیؑ ہیں۔

ب: دوسری آیت' آیتِ اذان ہے اور اذان دینے والی شخصیت علیؑ ہیں۔

ج: دوسری آیت' آیتِ اذان ہے اور اذان دینے والے خلیفۂ اول ہیں۔

د: الف اور ب

سوال نمبر ۴۶: ''بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کیے، عنقریب رحمان لوگوں کے دلوں میں ان کی محبت پیدا کر دے گا۔'' حضرت علیؑ کی شان میں نازل ہونے والی یہ آیت کس سورہ میں ہے؟

الف: سورۂ ابراہیم　　ب: سورۂ حجرات

ج: سورۂ دہر　　د: سورۂ مریم

سوال نمبر ۴۷: سورۂ حاقہ میں حضرت علیؑ کا کونسا لقب استعمال ہوا ہے؟

الف: مجاہد فی سبیل اللہ　　ب: العالم

ج: اذن واعیہ　　د: ان میں سے کوئی نہیں۔

سوال نمبر ۴۸: آیتِ نجویٰ درج ذیل میں سے کونسی آیت ہے؟

الف: انفال ۵۵　　ب: منافقون ۱۲

ج: ہود ۳۳　　د: مجادلہ ۱۲ و ۱۳

سوال نمبر ۴۹: حضرت علیؑ نے آیت نجویٰ پر کتنی بار عمل کیا؟

الف: دس بار　　ب: پانچ بار

ج: آٹھ بار　　د: تین بار

سوال نمبر ۵۰: اس آیت سے حضرت علیؑ کی کونسی اہم فضیلت سامنے آتی ہے؟

الف: جہاد فی سبیل اللہ    ب: صدقہ دینے کا اشتیاق

ج: رسول اللہ سے گفتگو کرنے کا اشتیاق    د: اس آیت پر صرف آپؑ نے عمل کیا

## اپنے آپ کو کتابِ خدا کی خوشبو سے معطر کرنے کا بہترین موقع

ہمارا عقیدہ ہے (اور اسلام ہی میں نہیں بلکہ تمام ادیان میں مسلمات میں سے ہے) کہ انسان محض خدا کے ساتھ اتصال اور ارتباط کی بدولت ہی کمال وارتقاء کی بلندیوں پر فائز ہوسکتا ہے۔ البتہ ماہِ رمضان میں ایک غیر معمولی، استثنائی اور ممتاز موقع ہے؛ رسول اکرمؐ اس مہینے کو اللہ کی ضیافت قرار دیتے ہیں؛ کیا ممکن ہے کہ انسان کریم کے دسترخوان پر وارد ہو جائے اور اِس دسترخوان سے محروم ہو کر اٹھے؟ ایسا تب ہی ممکن ہے کہ آپ اِس دسترخوان پر وارد ہی نہ ہوں!

ایک دفعہ پھر مومنین ومومنات بالخصوص نوجوان طبقہ کے لئے قرآن کی تعلیمات سے متعلق "المہدی ایجوکیشنل سوسائٹی" کی جانب سے اوپن بک کوئز انعامی مقابلے کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں بذریعہ قرعہ اندازی سوالنامے کے درست جوابات دینے والے پہلے پانچ انعام یافتگان کو پنجتن کے نام پر

پہلے انعام یافتگان کو 5000 روپے تک کا انعام اور سرٹیفکیٹ

دوسرے انعام یافتگان 4000 روپے تک کا انعام اور سرٹیفکیٹ

تیسرے انعام یافتگان 3000 روپے تک کا انعام اور سرٹیفکیٹ

چوتھے انعام یافتگان 2000 روپے تک کا انعام اور سرٹیفکیٹ

پانچویں انعام یافتگان 1000 روپے تک کا انعام اور سرٹیفکیٹ دیا جائیگا

جبکہ پروگرام کی اناؤسمینٹ والے دن امام حسین کے اصحاب کی یاد میں شرکت کرنے والے 72 افراد کو بطور حوصلہ افزائی گفٹ اور سرٹیفکیٹ دیئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ تمام شرکاءِ کوئز کو سرٹیفکیٹ دیئے جائیں گے۔

### قوائد وضوابط

اِس سلسلے میں چند گذارشات درج ذیل ہیں:

1- جوابات ارسال کرنے کی آخری تاریخ 15 اگست ہے۔

2- ہر سوال کے نیچے 04 جوابات ہیں جن میں سے ایک صحیح ہے لہذا صرف صحیح جواب کے خانے میں نشان لگائیں۔

3- فارم کو مکمل اور صاف ستھرا پر کریں۔ سوالنامہ ہماری ویب سائٹ سے یا ہمارے مراکز سے حاصل کر سکتے ہیں۔

4- تقسیم انعامات 30 اگست بروز اتوار بعد نماز ظہرین مرکزی امام بارگاہ (جعفر طیار) میں منعقد کیا جائے گا۔ البتہ کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں بذریعہ SMS آگاہ کر دیا جائے گا۔

5- ایک سے زائد نشان کی صورت میں جواب نامہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

6- کوپن کی فوٹو کاپی بھی قابل قبول ہے لیکن فوٹو کاپی کے ساتھ رجسٹریشن فیس مبلغ 10 روپے ادا کرنا ضروری ہے۔

**15 Rajab to 15 Shaban 2013**

**4th Quiz Program 2013**




### Top Five Position

Code # 0635> Syed Samar S/O Haider Abbas
Code # 0998> Seher Batool D/O Ali Raza
Code # 1033> Syed Qambar Ali S/O S Raza Iqbal Naqvi
Code # 1534> S Uzma Batool D/O S Shuja Abbas
Code # 1596> Mohammad Kumail S/O Kumail Jiwani

Total Participant: 634


Female (74%)

Male (26%)




**15 Zeeqad to 20 Muharram 2013 - 2014**

**5th Quiz Program 2013-14**





### Top Five Position

Code # 2083> Sehrish Fatima W/O Sibtain Raza
Code # 2143> Miss Farzana W/O Ali Gohor
Code # 1158> Shamam Zehra S/O Hasan
Code # 0897> S Maaz Abdul Ahad S/O S Rashid Ahad
Code # 1589> Fizza Haider S/O Haider Ali Shareef

Total Participant: 1279

Female (74%)

Male (26%)




دور حاضر میں وقت کی کمی کے پیش نظر مومنین ومومنات خصوصاً نوجوان طلبہ وطالبات میں مطالعہ کے لئے وقت نکالنا نہایت مشکل ہوتا جارہا ہے لہذا اِن مشکلات کے پیش نظر اس طرح کے کوئز کا انعقاد کیا گیا ہے تا کہ کم وقت میں دین کے بارے میں زیادہ سے زیادہ مفید اور موثر آگاہی حاصل کرتے ہوئے مطالعہ کے شوق کو دوبارہ بیدار کیا جاسکے۔

### ہمارے مراکز:

- بے بی کٹ بٹس (عون محمد چوک)
- توکل اسٹیشنری (عون محمد چوک)
- مکتب زینبیہ (جعفر طیار)
- جعفر طیار کے تمام سکولز
- سوسائٹی اسٹیشنری جعفر طیار (غازی چوک)
- بقیۃ اللہ اکیڈمی، منگھوپیر
- مکتبِ جعفریہ (گولی مار)
- مکتبِ اہلبیت (رضویہ سوسائٹی ناظم آباد)
- پیام اسلامی ثقافتی مرکز (انچولی)
- شہید فاؤنڈیشن (انچولی)
- الفتح لائبریری حسینی مشن (شاہ فیصل)
- نجفی بک لائبریری (سولجر بازار)
- طاہراز (سولجر بازار)
- محمد علی بک ڈپو (سولجر بازار)
- زینبیہ مدرسہ (کورنگی)
- مدارس امامیہ (بابر مارکٹ، لانڈھی)
- محفوظ بک ایجنسی (مارٹن روڈ)

more Detail: 0345 3182866 | 0336 2534354 | 0313 2426994 - www.almehdies.com

# ضروری اعلان

مومنین کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے اُن تمام مومنین کے لئے جنھوں نے ہمارے کسی گذشتہ کوئز میں شرکت نہیں کی ہے اور وہ شرکت کرنے کے خواہشمند ہیں، ایسے علم دانش دوستوں کے لئے ادارے کی جانب سے ایک دلچسپ موقع فراہم کیا جا رہا ہے۔

آج ہی گذشتہ کوئز کی PDF ڈاؤنلوڈ کریں یا ادارہ سے رابطہ کر کے کتاب حاصل کریں اور ۷۰ فیصد مارکس حاصل کرنے پر سرٹیفکیٹ حاصل کریں۔

گذشتہ کوئز کے ڈائریکٹ لنک درج ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| کربلا کا ولائی تصور | www.almehdies.com/karbala.pdf |
| ولی اللہ کتاب اللہ کے آئینہ میں | www.almehdies.com/waliullah.pdf |
| انصار امام میں معنویت کا کردار | www.almehdies.com/ansar.pdf |
| غدیر سے عاشورہ تک | www.almehdies.com/ghadeer.pdf |
| آیة ولایة | www.almehdies.com/ayat .pdf |

کوئز" آیة ولایة "میں آن لائن شامل ہونے کے لئے www.ammspk.org

استاد محمود اکبری کی فقہی احکام سے متعلق کتاب **محرم نامحرم** اپنے تکمیلی مراحل میں ہے جو انشاء اللہ جلد منظر عام پر آجائے گی جس میں موضوع سے متعلق آیت اللہ خامنہ ای، آیت اللہ خمینی، آیت اللہ سیستانی اور دیگر مراجعین کے فتاوے موجود ہیں۔

کتاب کے اندر موجود چند نکات:

سوال: محرمیت کے کتنے اسباب ہیں؟

سوال: نامحرم پر نگاہ کرنے کے احکام کیا ہیں؟

سوال: نامحرم کو خط یا ایس ایم ایس کرنے کے احکام کیا ہیں؟

سوال: نامحرم کی تصویر کی طرف نگاہ کرنے کے احکام کیا ہیں؟

سوال: نامحرم کے سامنے کس طرح کی گفتگو اور زینت و آرائش جائز ہے؟

ناشر:
المہدی ایجوکیشنل سوسائٹی

Advertisement

اسلامی کتب، رسالوں، اخبارات کی فری ہوم ڈیلوری کے لئے رابطہ کریں۔

**Contact:** 0315 8631313 0306 2399944

کوئز نمبر ۶

# آیة ولایة

۱۵، رمضان المبارک تا ۲۹، شوال ۱۴۳۶ھ

جوابات پر خود ہی نشان لگائیں یہ آپ کا اخلاقی فرض ہے۔ فارم کو صاف ستھرا پر کریں۔

وہ تمام مومنین جو ہمارے کوئز پروگرامز میں باقائدہ شرکت کرتے ہیں اور ہمارے گذشتہ ہونے والے کوئز پروگرام "غدیر سے عاشورہ تک" میں بھی شرکت کی تھی اُن تمام افراد کو باقائدہ رجسٹریشن کوڈ بذریعہ sms ارسال کئے گئے تھے۔ لہذا دوبارہ کوئز میں شرکت کرنے پر اُسی رجسٹریشن کوڈ اور اپنے فون نمبر کا اندراج لازمی کریں اور وہ تمام افراد جو اپنا کوڈ نمبر (رجسٹریشن نمبر) یاد نہیں رکھ سکے وہ ادارے سے رابطہ کر کے اپنا کوڈ نمبر دوبارہ حاصل کرلیں۔

یاد رہے ہر شخص کو ایک ہی رجسٹریشن کوڈ دیا جاتا ہے جو آئندہ ہونے والے ہمارے تمام پروگرامز کے لیے ہے اگر گھر کا پتہ وغیرہ تبدیل ہوا ہے تو صرف اُسکا دوبارہ اندراج کیا جائے گا اس طرح سے شرکت کرنے والے کے لئے آسانی یہ ہوگی کہ پورا فارم بھرنے کے بجائے صرف رجسٹریشن کوڈ ڈالنے سے وہ ہمارے کوئز میں شامل ہو جائیں گے۔

شکریہ

**Name:** ____________________

**Reg Code:** ________ **Cell No:** ________

کیا آپ نے ہمارے گذشتہ پروگرام "غدیر سے عاشورہ تک" میں شرکت کی تھی؟ ہاں ☐ نہیں ☐

**نئے شامل ہونے والے افراد کے لئے**

نام:

Name In English:

ولدیت / شوہر:

N.I.C # (Optional): ☐☐☐☐☐ - ☐☐☐☐☐☐☐ - ☐

عمر: DD ☐ MM ☐ YY ☐ جنس: Male ☐ Female ☐

تعلیمی قابلیت: آپ کے سینٹر کا نام (جہاں فارم Submit کرایا ہے۔)

مکمل پتہ:

موبائل نمبر:

ای میل ایڈریس:

# سوالنامہ

تمام جوابات مولانا ذیشان حیدر جوادی کے قرآن سے ہی وصول کئے جائیں گے۔

| سوال نمبر | جوابات | | | | سوال نمبر | جوابات | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | الف | ب | ج | د | | الف | ب | ج | د |
| ۱ | | | | | ۲۶ | | | | |
| ۲ | | | | | ۲۷ | | | | |
| ۳ | | | | | ۲۸ | | | | |
| ۴ | | | | | ۲۹ | | | | |
| ۵ | | | | | ۳۰ | | | | |
| ۶ | | | | | ۳۱ | | | | |
| ۷ | | | | | ۳۲ | | | | |
| ۸ | | | | | ۳۳ | | | | |
| ۹ | | | | | ۳۴ | | | | |
| ۱۰ | | | | | ۳۵ | | | | |
| ۱۱ | | | | | ۳۶ | | | | |
| ۱۲ | | | | | ۳۷ | | | | |
| ۱۳ | | | | | ۳۸ | | | | |
| ۱۴ | | | | | ۳۹ | | | | |
| ۱۵ | | | | | ۴۰ | | | | |
| ۱۶ | | | | | ۴۱ | | | | |
| ۱۷ | | | | | ۴۲ | | | | |
| ۱۸ | | | | | ۴۳ | | | | |
| ۱۹ | | | | | ۴۴ | | | | |
| ۲۰ | | | | | ۴۵ | | | | |
| ۲۱ | | | | | ۴۶ | | | | |
| ۲۲ | | | | | ۴۷ | | | | |
| ۲۳ | | | | | ۴۸ | | | | |
| ۲۴ | | | | | ۴۹ | | | | |
| ۲۵ | | | | | ۵۰ | | | | |

# FEED BACK FORM

1. کیا کوئز ہونے چاہیے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں
2. کیا آپ کسی اور کوئز میں شرکت کرتے ہیں؟ ☐ ہاں ☐ نہیں
3. آپ کے خیال میں کوئز کا یہ طریقہ زیادہ مناسب ہے؟ ☐

   یا ایک جگہ جمع کر کے Test لینا زیادہ مناسب ہے؟ ☐
4. کوئز کے لئے کون سا مہینہ زیادہ مناسب ہے؟ رمضان ☐ محرم ☐

   آپ کے خیال میں ____________________
5. اِن کوئز سے فکری تربیت ہونے میں مدد ملی؟ ☐ ہاں ☐ نہیں ☐ کسی حد تک
6. سوالنامہ کتنے سوالوں پر مشتمل ہونا چاہیے؟ ☐ 50 ☐ 100

   آپ کے خیال میں ______________________________________
7. کیا کوئز میں کسی طرح کی مشکل پیش آتی ہے؟ ☐ نہیں

   اگر ہاں تو کیا؟ ________________________________________
8. اَب تک ہونے والے کوئز پروگرامز میں سے کونسا کوئز زیادہ پسند آیا؟

   ☐ کربلا کا ولائی تصور: ☐ ولی اللہ کتاب اللہ کے آئینہ میں:

   ☐ انصار امام میں معنویت کا کردار: ☐ غدیر سے عاشورہ تک:
9. آپ کے خیال میں کوئز کے لئے کون سے موضوعات زیادہ ضروری ہیں؟

   ۱۔ ______________ ۲۔ ______________________
10. اطلاع ملنے کا طریقہ: بذریعہ sms ☐ شخصیت/ تنظیم ______________

    آپ کے خیال میں ______________________________________
11. کوئز پروگرامز کو اور بہتر انداز سے کس طرح پیش کیا جاسکتا ہے؟ ____________________

    ________________________________________________
12. اپنی رائے کا اظہار کریں: ________________________________

    ________________________________________________